پرچہ: اسلامیات لازمی

کل نمبرات:10 **سیکشن:(الف)** **کل وقت:15منٹ**

سوال نمبر1۔ درست کا انتخاب کریں۔

بنیادی عقائد 1۔ ایک دن ضرور عدالت لگے گی اچھے اور برے اعمال کی جواب دہی ہو گی۔

○عقیدہ تقدیر ○عقیدہ آخرت ○عقیدہ رسالت ○ عقیدہ توحید

2۔ ہر انسان کی نگرانی کے لیے اللہ تعالیٰ نے فرشتے مقرر فرمائے ہیں انہیں کیا کہتے ہیں؟

○ہاروت وماروت ○کرام کاتبین ○ملک الموت ○ روح القدس

3۔ اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ اس آیت میں الذِّکۡرَ سے کیا مراد ہے؟

○ قرآن مجید ○تورات ○انجیل ○ آسمانی کتابیں

اسلامی تشخص 4۔ حدیث کی رو سے ارکانِ اسلام کی تعداد کتنی ہے؟

○8 ○5 ○6 ○ 0

حقوق العباد 5۔ والدین اور اولاد اور شریک حیات کے حقوق کے بعد اسلام کن کے حقوق پر زور دیتا ہے؟

○ہمسائے ○امام مسجد ○رشتہ دار ○ یاتینوں

معاشرتی ذمہ داری 6۔ لاَ دِیۡنَ لِمَنۡ لاَّ عَھۡدَ لَہٗ حدیث مبارک کس معاشرتی ذمہ داری کا احساس دلاتی ہے؟

○احترام قانون ○سچائی ○ایفائے عہد ○ دیانت داری

اخلاقی رذائل 7۔ قرآن مجید میں "مردے بھائی کا گوشت کھانے" سے مثال دی ہے۔

○حسد کی ○غیبت کی ○تکبر کی ○ منافقت کی

اسوۂ رسول اکرم ﷺ 8۔ غزوۂ احزاب کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مل کر اپنے ہاتھوں سے خندق کھودنا مثال ہے۔

○درگزر کی ○مساوات کی ○صبر کی ○ ایثار کی

تعارف قرآن اور منتخب آیات 9۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پہلی وحی فرمائی تو وہ کس سورت کی ابتدائی آیت تھیں؟

○سورۃ علق ○سورۃ فلق ○سورۃ اخلاص ○ سورۃ مزمل

حدیث وسنت اور منتخب احادیث 10۔ اَلۡمُسۡلِمُ مَنۡ سَلِمَ الۡمُسۡلِمُوۡنَ مِنۡ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ حدیث میں کن دو اعضاء کا ذکر ہے؟

○ہاتھ پاؤں ○آنکھیں اور کان ○دل و دماغ ○ زبان اور ہاتھ

پرچہ: اسلامیات

کل نمبرات:40 | حصہ:(ب) | کل وقت:ایک گھنٹہ 45منٹ

سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے چھ (6) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

بنیادی عقائد 1۔ شرک کسے کہتے ہیں؟اور شرک کی اقسام کے صرف نام لکھیں۔

اسلامی تشخص 2۔ حج کے اجتماعی فوائد تحریر کریں۔

حقوق العباد 3۔ قرآن مجید کے اجتماعی فوائد تحریر کریں۔

معاشرتی ذمہ داری 4۔ ایفائے عہد یعنی وعدہ پورا کرنا پر مختصر نوٹ لکھیں۔

اخلاقی رذائل 5۔ منافق کی اقسام اور نشانیاں الگ الگ لکھیں۔

اسوۂ رسول اکرم ﷺ 6۔ بچوں کے ساتھ شفقت آپ ﷺ کا ایک خوبصورت اُسوۃ ہے۔ تحریر فرمائیں۔

تعارف قرآن 7۔ وحی کیا ہے؟

تعارف حدیث 8۔ حدیث کی قسمیں بیان کریں۔

حصہ:(ج)

کوئی سے دو سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔

بنیادی عقائد 3۔ عقیدہ توحید کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔

اسلامی تشخص منتخب آیات 4۔ روزے کے مقاصد بیان کریں اور عملی زندگی پر اس کے اثرات تفصیل سے لکھیں۔

یا

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ کا ترجمہ و تشریح لکھیں۔

تعارف قرآن 5۔ تدوینِ قرآن مجید پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

پرچہ: مطالعہ قرآن حکیم (گیارویں جماعت)

کل وقت: 15 منٹ | سیکشن (الف) | کل نمبر: 10

سوال نمبر 1۔ درست کا انتخاب کریں۔

سورۃ البقرہ 1۔ سورۃ البقرہ کا زیادہ حصہ کس کے بعد نازل ہوا؟

○ صلح حدیبیہ کے بعد ○ ہجرت مدینہ کے بعد ○ فتح مکہ کے بعد ○ غزوہ بدر کے بعد

سورۃ البقرہ 2۔ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ط میں کس کی بنیادوں کی طرف اشارہ ہے؟

○ بیت المقدس ○ بیت المعمور ○ بیت اللہ ○ مسجد نبوی

سورۃ البقرہ 3۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ یہ آیت کس وقت پڑھی جاتی ہے؟

○ مصیبت کے وقت ○ خوشی کے وقت ○ بارش کے وقت ○ سفر سے واپسی کے وقت

سورۃ الِ عمران 4۔ سورۃ الِ عمران کہاں نازل ہوئی؟

○ مکہ مکرمہ میں ○ مدینہ منورہ میں ○ حدیبیہ میں ○ ان میں سے کوئی نہیں

سورۃ الِ عمران 5۔ سُوْرَةُ الْاِسْتِغْفَارِ کس سورت کو کہتے ہیں؟

○ سورۃ البقرہ ○ سورۃ الِ عمران ○ سورۃ الانفال ○ سورۃ التوبہ

سورۃ الِ عمران 6۔ نجران کے کس مذہب سے تعلق رکھنے والا وفد آپ ﷺ کے پاس مدینہ آیا؟

○ نصاریٰ ○ یہودی ○ مجوسی ○ پارسی

سورۃ الانفال 7۔ مالِ غنیمت کے احکام کس سورۃ میں ہیں؟

○ سورۃ البقرہ ○ سورۃ النّسآء ○ سورۃ الانفال ○ سورۃ التوبہ

سورۃ الانفال 8۔ غزوہ بدر دورِ نبوی ﷺ کا کونسا جہاد ہے؟

○ پہلا ○ دوسرا ○ تیسرا ○ چوتھا

سورۃ التوبہ 9۔ سورۃ التوبہ میں کس سے براءت کا اعلان ہے؟

○ یہود سے ○ نصاریٰ سے ○ منافقین سے ○ مشرکین سے

سورۃ التوبہ 10۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کس سورت کے ابتداء میں نہیں ہے؟

○ سورۃ البقرہ ○ سورۃ الِ عمران ○ سورۃ الانفال ○ سورۃ التوبہ

پرچہ: مطالعہ قرآن حکیم (گیارویں جماعت)

کل نمبرات:40 | حصہ:(دوم) | کل وقت ایک گھنٹہ 45منٹ

سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے (6) کے جوابات تحریر کریں۔ سب کے نمبر برابر ہیں 24

سورۃ البقرہ 1۔ سورۃ البقرہ میں جو بنی اسرائیل کے حالات بیان ہوئے ہیں مختصر لکھیں۔

سورۃ البقرہ2۔ سورۃ البقرہ کے مطابق روزہ رکھنے سے کیافائدہ حاصل ہوتا ہے؟

سورۃ اٰلِ عمران 3۔ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ترجمہ لکھیں۔

سورۃ اٰلِ عمران 4۔ نجران کے وفد نے مباہلہ کی دعوت پر کیاطرزِ عمل اختیار کیا؟

سورۃ الانفال5۔ اَلْاَنْفَال کا کیا معنی ہے اور سورۃ الانفال کو یہ نام کیو دیا گیا ہے؟

سورۃ الانفال6۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ کا ترجمہ لکھیں۔

سورۃ التوبہ 7۔ سورۃ التوبہ کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کیوں نہیں ہے؟ وضاحت فرمائیں۔

حصہ (سوم)

سوال نمبر3۔ کوئی سے دو کے جوابات تحریر کریں۔ 16

سورۃ البقرہi۔ اٰیۃ الکرسی کا ترجمہ لکھیں یا

ii۔ وَمِنْ حَیْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْھَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط وَاِنَّہٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ ط وَمَا اللّٰہُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ترجمہ لکھیں۔

سورۃ اٰلِ عمران4۔ کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ ط وَلَوْ اٰمَنَ اَھْلُ الْکِتٰبِ لَکَانَ خَیْرًا لَّھُمْ مِنْھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَکْثَرُھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ترجمہ لکھیں۔

سورۃ التوبہ 5۔ سورۃ التوبہ کا شان نزول بیان کریں۔